(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِیِّ وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مؤلف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

كل الحقوق محفوظة

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مؤلف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چوہدری

ہدیہ .... =/200 روپے

اختیار امامؑ

(۲۲۳/۷) کلینی کتاب کافی میں حضرت موسیٰؑ بن جعفرؑ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؑ نے فرمایا:

ان الله غضب علی الشیعة فخیرنی نفسی اوهم فوقیتهم والله بنفسی

"بے شک خدا شیعوں کے گناہوں کی وجہ سے ان پر غضبناک ہو گیا اور مجھے اختیار دیا کہ میں ان کے بدلے میں عقوبت تحمل کروں یا وہ خود عقوبت برداشت کریں خدا کی قسم میں نے عقوبت و سزا کو اپنی جان پر برداشت کر لیا اور شیعوں کو بچا لیا" (الکافی: ۱/۲۶۰ حدیث ۵، بحار الانوار: ۲۶/۲۴۹ حدیث ۱۳۲)

مؤلف فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰؑ بن جعفرؑ کے اس فرمان کی تائید اس آیت کی تفسیر کرتی ہے جس میں خدا فرماتا ہے:

لِيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ. (سورۂ فتح آیت ۲)

"تاکہ خدا تیرے ان گناہوں کو معاف کر دے جو تجھ سے سرزد ہوئے ہیں"

فرماتے ہیں جو گناہ سرزد ہوئے ہیں ان سے مراد امت کے گناہ ہیں۔

(تفسیر برہان: ۴/۱۹۵)

آئمہ طاہرین نے کچھ اعمال اپنے شیعوں کی طرف سے کوتاہیوں اور خامیوں کے بدلے میں انجام دیئے ہیں خدا خیر کرے اس شاعر کی جو کہتا ہے۔

إِذَا ذَرَّ اِكْسِيرُ الْمَحَبَّةِ فَوْقَ مَا
جَنَاهُ اِسْتِحَالَ الذَّنْبُ أَيَّ اِسْتِحَالَةِ

"جب محبت کی کیمیا کا غبار گناہوں پر بیٹھ گیا تو گناہوں کی حالت تبدیل ہو جائے گی اور مکمل طور پر نور ہو جائیں گے"